افتتاحی تقریر

جلالت الملک شاہ فیصل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

میں اللہ تعالی کے نام سے اس مؤتمر اسلامی کا افتتاح کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ یہ مؤتمر اپنے مقاصد میں کامیاب ہو۔

برادران اسلام ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ ۔ آپ اپنی اس مؤتمر کو اللہ سبحانہ و تعالی کی مقدس سر زمین میں، اس کے معظم گھر کے سائے میں، اور اس مقدس شہر میں منعقد کر رہے ہیں، جہاں سے نور اسلام طلوع ہوا - اور حضرت محمد صلوات اللہ و سلامہ علیہ پر وحی نازل ہوئی ۔ آپ کی یہ مؤتمر ایک عام مؤتمر نہیں ، بلکہ یہ اس لحاظ سے بڑی اہم ہے کہ اس میں آپ پوری دنیا کے مسلمانوں کے مسائل پر غور و خوض کریں گے ۔

عزیز بھائیو ! مسلمانوں کی نظریں بڑی امیدوں اور آرزوؤں کے ساتھ آپ حضرات کی طرف لگی ہوئی ہیں اور وہ توقع رکھتے ہیں کہ اس مؤتمر سے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا ، جو ان کےلئے راہ حق پر گامزن ہونے، صحیح اسلامی سمت اختیار کرلے ، اور اللہ کی کتاب اور اس کے رسول کی سنت کی دعوت کو عام کرنے کا باعث بنے گا ۔

اس زمانے میں مسلمانوں کو جو امتحان در پیش ہے ، اس کی گذشتہ تاریخ میں کوئی مثال نہیں ملے گی - عہد ماضی میں مسلمان ایسے دشمنوں کے خلاف صف آرا تھے ، جو کھل کر سامنے آتے تھے ۔ لیکن ان دنوں ہم بعض ایسی مصیبتوں میں گرفتار ہیں ، جو خود مسلمانوں کی اپنی پیدا کی ہوئی ہیں -